واكرم نزله ووسع مدخله واغسله بالماء والثلج والبرد

میت
کے لیے دعائیں

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ

حافظ حنین قدوسی

ادارہ مطبوعات سلیمانی | مکتبہ قدوسیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

library@mohaddis.com

www.KitaboSunnat.com

میّت کے لیے دعائیں

ترجمہ

حافظ حنین قدوسی

ادارہ مطبوعات سلیمانی || مکتبہ قدوسیہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جملہ حقوق محفوظ ہیں

اشاعت ـــــــ فروری 2022ء

ملنے کا پتہ

ادارہ مطبوعات سلیمانی
رحمان مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
Tel # +92-42-3736 1408 , 3723 2788
Cell # 0313 723 2788
Timings: 10 am to 7.30 pm
(Sunday off)

مکتبہ قدوسیہ
رحمان مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
Tel # +92-42-37230585
Cell: 0321-4460487

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الدعاء

1: اَللّٰهُمَّ! يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا وَاسِعَ الْغُفْرَانِ
اغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ وَعَافِهِ وَاعْفُ عَنْهُ وَأَكْرِمْ
نُزُلَهُ وَوَسِّعْ مُدْخَلَهُ وَاغْسِلْهُ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ
وَالْبَرَدِ ، وَنَقِّهِ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ
الْأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ.

''اے مہربان اور احسان کرنے والے رب! اے بہت زیادہ معاف کرنے والے اس (میّت) کو بھی معاف کر دیجیے، اس پر رحم فرمایئے، اس کو عافیت دیجیے، اس

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سے درگزر فرمائیے، اس کی اچھی مہمان نوازی فرمائیے، اس کی قبر کو وسیع کر دیجیے، اس کو پانی، برف اور اولوں سے دھوڈالیے اور اس کو گناہوں اور خطاؤں سے دھو کر اس طرح پاک صاف کر دیجیے جیسے سفید کپڑا کو دھو کر میل کچیل سے پاک صاف کر دیا جاتا ہے۔

2: اَللّٰهُمَّ أَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِّنْ دَارِهٖ وَأَهْلًا خَيْرًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَزَوْجًا خَيْرًا مِّنْ زَوْجِهٖ وَأَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَأَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ.

"اے اللہ کریم! اس کو اس کے دنیا کے گھر سے بہتر گھر دیجیے، دنیا کے گھر والوں سے بہتر گھر والے دیجیے، دنیا کی بیوی سے بہتر بیوی دیجیے، اس کو جنت میں داخل فرما

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دیجیے اور قبر اور آگ کے عذاب سے اسے محفوظ فرمالیجیے۔"

3: اَللّٰهُمَّ عَامِلْهُ بِمَا أَنْتَ أَهْلُهُ وَلَا تُعَامِلْهُ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ.

"اے اللہ کریم! اس سے (مغفرت کا) معاملہ فرمایئے جس کے کرنے کے آپ اہل ہیں اور اس کے ساتھ (اس کے گناہوں کے سبب) وہ معاملہ جس کے کیے جانے کی یہ (میّت) اہل ہے۔"

4: اَللّٰهُمَّ اجْزِهِ عَنِ الْإِحْسَانِ إِحْسَانًا وَعَنِ الْإِسَاءَةِ عَفْوًا وَغُفْرَانًا.

"اے اللہ! اس کو نیکی کا اچھا بدلہ دیجیے اور اس کے گناہوں سے صرف نظر کیجیے اور اسے معاف کر دیجیے۔"

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

5: اَللّٰهُمَّ إِنْ كَانَ مُحْسِنًا فَزِدْ فِيْ حَسَنَاتِهٖ وَإِنْ كَانَ مُسِيْئًا فَتَجَاوَزْ عَنْهُ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ.

''اے اللہ کریم! اگر یہ نیکوکار تھا تو اس کی نیکیوں میں اضافہ کر دیجیے اور اگر خطا کار تھا تو اس کی خطاؤں سے صرف نظر کیجیے۔''

6: اَللّٰهُمَّ أَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ مِنْ غَيْرِ مُنَاقَشَةِ حِسَابٍ وَلَا سَابِقَةِ عَذَابٍ.

''اے اللہ! اس کو بلا حساب اور بغیر کسی عذاب کے جنت میں داخل فرما دیجیے۔''

7: اَللّٰهُمَّ آنِسْهُ فِيْ وَحْدَتِهٖ وَآنِسْهُ فِيْ وَحْشَتِهٖ وَآنِسْهُ فِيْ غُرْبَتِهٖ.

''اے اللہ! اس کو اس کی تنہائی، وحشت اور اجنبیت میں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مانوس رکھیے۔''

8: اَللّٰهُمَّ أَنْزِلْهُ مُنْزَلًا مُبَارَكًا وَأَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ.

''اے اللہ! اس کو بابرکت جگہ ٹھہرایئے اور آپ بہترین ٹھہرانے والے (مہمان نواز) ہیں۔''

9: اَللّٰهُمَّ أَنْزِلْهُ مَنَازِلَ ﴿الصِّدِّيْقِيْنَ وَ الشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَحَسُنَ أُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا﴾

''اے اللہ! اس کو انبیاء، صدیقین اور شہداء کی جگہ میں ٹھہرایئے اور یہ بہت اچھی رفاقت ہے۔''

10: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ قَبْرَهُ رَوْضَةً مِّنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ وَلَا تَجْعَلْهُ حُفْرَةً مِّنْ حُفَرِ النَّارِ.

''اے اللہ کریم! اس کی قبر کو جنت کے باغیچوں میں سے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ایک باغیچہ بنا دیجیے تاکہ جہنم کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا۔‘‘

11: اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لَهُ فِيْ قَبْرِهٖ مُدَّ بَصَرِهٖ وَافْرُشْ قَبْرَهُ مِنْ فِرَاشِ الْجَنَّةِ.

’’اے اللہ! اس کی قبر کو تا حد نگاہ وسیع کر دیجیے اور اس کی قبر میں جنت کا بستر بچھا دیجیے۔‘‘

12: اَللّٰهُمَّ أَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَجَافِ الْأَرْضَ عَنْ جَنْبَيْهِ.

’’اے اللہ! اس کو عذاب قبر سے بچایئے اور اس کے پہلوؤں کو زمین کے بھینچنے سے محفوظ رکھیے۔‘‘

13: اَللّٰهُمَّ امْلَأْ قَبْرَهُ بِالرِّضَا وَالنُّوْرِ وَالْفُسْحَةِ وَالسُّرُوْرِ.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

”اے اللہ! اس کی قبر کو اپنی رضا، نور، وسعت اور سرور سے بھر دیجیے۔“

14: اَللّٰهُمَّ قِهِ السَّيِّئَاتِ ، وَمَنْ تَقِ السَّيِّئَاتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهُ ۔

”اے اللہ! اسے برائیوں (کی سزا) سے بچائیے، کیونکہ جس شخص کو آپ نے اس دن برائیوں سے بچالیا تو یقیناً آپ نے اس پر رحم کیا۔“

15: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ فِي الْمَهْدِيِّيْنَ وَاخْلُفْهُ فِي عَقِبِهٖ فِي الْغَابِرِيْنَ وَاغْفِرْ لَنَا وَلَهُ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ وَافْسَحْ لَهُ فِي قَبْرِهٖ وَنَوِّرْ لَهُ فِيْهِ.

”اے اللہ! اس کو معاف کر کے ہدایت یافتہ لوگوں میں شامل کر لیجیے اور اس کے پسماندگان کے لیے جانشین بن

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جایئے اور ہمیں اور اس کو معاف فرما دیجیے۔ اے جہانوں کے رب! اور اس کی قبر کو کشادہ کر دیجیے اور اس کو نور سے بھر دیجیے۔"

16: اَللّٰهُمَّ إِنَّ (أَبِي أَوْ أُمِّي أَوْ.....) فِي ذِمَّتِكَ وَحَبْلِ جِوَارِكَ، فَقِهِ مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ، وَأَنْتَ أَهْلُ الْوَفَاءِ وَالْحَقِّ فَاغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ.

"اے اللہ! بے شک (میرے والد یا میری والدہ یا......) آپ کے ذمہ اور آپ کی پناہ میں ہے۔ چنانچہ اسے قبر کے امتحان اور آگ کے عذاب سے بچالیجیے اور آپ وعدہ پورا کرنے والے اور حق والے ہیں، چنانچہ اسے معاف فرما دیجیے اور اس پر رحم فرمائیے۔ بے شک آپ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خوب معاف فرمانے والے خوب رحم کرنے والے ہیں۔"

17: اَللّٰهُمَّ إِنَّ هٰذَا عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ أَمَتِكَ خَرَجَ مِنْ رَوْحِ الدُّنْيَا وَسَعَتِهَا وَمَحْبُوْبِيْهَا وَأَحِبَّائِهِ فِيْهَا إِلٰى ظُلْمَةِ الْقَبْرِ وَمَا هُوَ لَاقِيْهِ. كَانَ يَشْهَدُ أَلَّا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُهُ وَأَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ.

"اے اللہ! بے شک یہ آپ کا بندہ اور آپ کے بندے کا بیٹا اور آپ کی بندی کا بیٹا دنیا کی راحت اور اس کی وسعتوں، سے نکل گیا ہے۔ وہ اپنے پیاروں اور دنیا میں اپنے سے محبت کرنے والوں کو چھوڑ کر قبر کی تاریکیوں میں اپنے انجام کی طرف آ گیا ہے۔ یہ اس بات کی گواہی دیتا تھا کہ آپ کے علاوہ کوئی الٰہ نہیں اور محمد ﷺ آپ کے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بندے اور رسول ہیں اور اے اللہ! آپ اس کو زیادہ بہتر جانتے ہیں۔''

18: اَللّٰهُمَّ إِنَّهُ نَزَلَ بِكَ وَأَنْتَ خَيْرُ مَنْزُوْلٍ بِهٖ وَأَصْبَحَ فَقِيْرًا إِلٰى رَحْمَتِكَ وَأَنْتَ غَنِيٌّ عَنْ عَذَابِهٖ آتِهٖ بِرَحْمَتِكَ رِضَاكَ وَقِهٖ فِتْنَةَ الْقَبْرِ وَعَذَابَهُ وَآتِهٖ بِرَحْمَتِكَ الْأَمْنَ مِنْ عَذَابِكَ حَتّٰى تَبْعَثَهُ إِلٰى جَنَّتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ.

''اے اللہ! یہ بندہ آپ کے پاس مہمان آیا ہے اور آپ سب سے بہتر ہیں میزبان ہیں۔ اے اللہ! یہ آپ کی رحمت کا محتاج ہے اور آپ اس کو عذاب دینے سے غنی ہیں۔ اے اللہ! اس کو اپنی رحمت اور رضا عطا فرمایئے اور اس کو قبر کے فتنے اور قبر کے عذاب سے بچایئے اور اس کو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اپنی رحمت سے اپنے عذاب سے محفوظ رکھیے حتیٰ کہ اس کو اپنی جنت میں بھیج دیجیے اے اللہ! سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔''

19: اَللّٰھُمَّ انْقُلْهُ مِنْ مَوَاطِنِ الدُّوْدِ وَضِيْقِ اللُّحُوْدِ إِلَى جَنَّاتِ الْخُلُوْدِ ﴿فِيْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ ۝ وَطَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ ۝ وَمَاءٍ مَّسْكُوْبٍ ۝ وَفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ ۝ لَا مَقْطُوْعَةٍ وَّلَا مَمْنُوْعَةٍ ۝ وَفُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ ۝﴾

''اے اللہ! اس کو کیڑوں مکوڑوں والی جگہ اور قبر کی تنگی سے ہمیشہ ہمیشہ کی جنتوں کی طرف منتقل کردیجیے، جیسا کہ آپ نے فرمایا (وہ جنتی ہوں گے) ایسی بیریوں میں جو بے خار ہیں اور کیلوں میں جو تہ بہ تہ ہیں اور لمبے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سایوں میں اور بہتے پانی (آبشاروں) میں اور وافر پھلوں میں جو نہ ختم ہوں گے اور نہ ہی روکے جائیں گی۔''

20: اَللّٰهُمَّ ارْحَمْهُ تَحْتَ الْاَرْضِ وَاسْتُرْهُ يَوْمَ الْعَرْضِ وَلَا تُخْزِهِ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ ﴿يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ ٥ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ٥﴾

''اے اللہ! زمین کے نیچے اس پہ رحم کیجیے اور حساب و کتاب والے دن اس کا پردہ رکھیے اور اس کو دوبارہ جی اٹھنے والے دن رسوانہ کیجیے جس دن نہ مال فائدہ دے گا اور نہ بیٹے مگر وہی شخص جو اللہ کے پاس قلب سلیم کے ساتھ آیا۔''

21: اَللّٰهُمَّ يَمِّنْ كِتَابَهُ وَيَسِّرْ حِسَابَهُ وَثَقِّلْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بِالْحَسَنَاتِ مِيزَانَهُ وَثَبِّتْ عَلَى الصِّرَاطِ أَقْدَامَهُ وَأَسْكِنْهُ فِي أَعْلَى الْجَنَّاتِ فِي جِوَارِ نَبِيِّكَ وَمُصْطَفَاكَ.

''اے اللہ! اس کا نامہ اعمال اس کے دائیں ہاتھ میں تھمایئے اور اس کا حساب آسان کیجیے اور اس کے میزان کو نیکیوں سے وزنی کر دیجیے، پل صراط پہ اس کے قدموں کو ثابت رکھیے اور اس کو اعلیٰ جنتوں میں اپنے پیارے نبی اور مصطفیٰ ﷺ کی رفاقت عطاء کیجیے۔''

22: اَللّٰهُمَّ أَمِّنْهُ مِنْ فَزَعِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَمِنْ هَوْلِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَاجْعَلْ نَفْسَهُ آمِنَةً مُطْمَئِنَّةً وَلَقِّنْهُ حُجَّتَهُ.

''اے اللہ! اس کو قیامت کے دن کی گھبراہٹ اور

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہولناکیوں سے مامون رکھیے۔ اے اللہ! اس کے نفس کو امن واطمینان والا بنا دیجیے۔''

23: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ فِيْ بَطْنِ الْقَبْرِ مُطْمَئِنًّا وَعِنْدَ قِيَامِ الْأَشْهَادِ آمِنًا وَبِجُوْدِ رِضْوَانِكَ وَاثِقًا وَإِلٰى أَعْلٰى دَرَجَاتِكَ سَابِقًا.

''اے اللہ! اس کو قبر کی تاریکیوں میں مطمئن رکھیے اور گواہوں کے اٹھنے والے وقت امن میں رکھیے اور اپنی رضا مندی کے حصول سے پر امید رکھیے اور اس کو بلند درجوں تک پہنچنے میں سبقت لے جانے والا بنائیے۔''

24: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ عَنْ يَمِيْنِهٖ نُوْرًا وَعَنْ شِمَالِهٖ نُوْرًا وَمِنْ إِمَامِهٖ نُوْرًا وَمِنْ فَوْقِهٖ نُوْرًا حَتّٰى تَبْعَثَهٗ آمِنًا مُطْمَئِنًّا فِيْ نُوْرٍ مِنْ نُوْرِكَ.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

''اے اللہ! اس کے دائیں طرف نور کر دیجیے، اس کے بائیں طرف نور کر دیجیے، اس کے سامنے نور کر دیجیے، اس کے اوپر بھی نور کر دیجیے حتیٰ کہ کل قیامت کو بھی اس کو اپنے نور میں امن و اطمینان کے ساتھ دوبارہ اٹھایئے۔''

25: اَللّٰهُمَّ انْظُرْ إِلَيْهِ نَظْرَةَ رِضًا فَإِنَّ مَنْ تَنْظُرْ إِلَيْهِ نَظْرَةَ رِضًا لَا تُعَذِّبْهُ أَبَدًا.

''اے اللہ! اس کی طرف اپنی رضا کی ایک نظر دیکھ لیجیے کیونکہ جس کی طرف آپ نے رضا کی ایک نظر دیکھ لی تو آپ اس کو کبھی عذاب نہ دیں گے۔''

26: اَللّٰهُمَّ أَسْكِنْهُ فَسِيحَ الْجِنَانِ وَاغْفِرْ لَهُ يَا رَحْمٰنُ!

''اے اللہ! اس کو جنتوں کی وسعت میں ٹھہرایئے اور اس

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کو معاف کر دیجیے۔ اے رحمٰن!''

27: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَتَجَاوَزْ عَمَّا تَعْلَمُ فَإِنَّكَ أَنْتَ اللّٰهُ الْأَعَزُّ الْأَكْرَمُ. اَللّٰهُمَّ اعْفُ عَنْهُ فَإِنَّكَ أَنْتَ الْقَائِلُ: ﴿وَيَعْفُوا عَنْ كَثِيرٍ﴾.

''اے اللہ! اسے معاف فرما دیجیے اور اس پر رحم فرما دیجیے اور (اس کی خطاؤں) میں سے جو کچھ آپ جانتے ہیں اس سے چشم پوشی کر لیجیے۔ بے شک آپ عزت و کرم والے اللہ ہیں۔ اے اللہ! اس سے درگزر کیجیے۔ بے شک آپ ہی نے فرمایا ہے: ''اور وہ بہت سی خطاؤں سے درگزر کرتا ہے۔''

28: اَللّٰهُمَّ إِنَّهُ جَاءَ بِبَابِكَ وَأَنَاخَ بِجَنَابِكَ فَجُدْ عَلَيْهِ بِعَفْوِكَ وَإِكْرَامِكَ وَجُودِكَ وَإِحْسَانِكَ.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

''اے اللہ! بے شک یہ آپ کے دروازے پر آیا ہے اور آپ ہی کے در کا سوالی ہے تو آپ اس پر اپنی معافی، اکرام، فضل اور احسان کی بارش برسایئے۔''

29: اَللّٰهُمَّ اِنَّ رَحْمَتَكَ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ وَهُوَ شَيْءٌ فَارْحَمْهُ رَحْمَةً تَطْمَئِنُّ بِهَا نَفْسُهُ وَتَقِرُّ بِهَا عَيْنُهُ.

''اے اللہ! آپ کی رحمت ہر چیز پر حاوی ہے اور یہ بندہ بھی ایک چیز ہی ہے۔ اے اللہ! اس پر ایسی رحمت فرمایئے کہ اس کا نفس مطمئن ہو جائے اور اس کی آنکھوں کو سکون مل جائے۔''

30: اَللّٰهُمَّ احْشُرْهُ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

''اے اللہ! اس کا حشر ان متقیوں میں کیجیے جو آپ کی طرف مہمان بن کر آئیں گے۔''

31: اَللّٰھُمَّ احْشُرْہُ فِيْ زُمْرَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَبَشِّرْہُ بِرَوْحٍ وَرَيْحَانٍ وَجَنَّةِ نَعِيْمٍ.

''اے اللہ! اس کا حشر اپنے مقرب لوگوں میں کیجیے اور اس کو راحت، خوشبو، باغات اور نعمتوں کی خوشخبری سنا دیجیے۔''

32: اَللّٰھُمَّ احْشُرْہُ مَعَ أَصْحَابِ الْيَمِيْنِ وَاجْعَلْ تَحِيَّتَهٗ سَلَامٌ لَكَ مِنْ أَصْحَابِ الْيَمِيْنِ.

''اے اللہ! اس کو دائیں طرف والوں (اصحابِ یمین) میں شامل کیجیے۔ اے اللہ! اس کا تحفہ یا دعا اپنے اس قول کو بنائیے: ''تیرے لیے سلامتی ہے تو یقیناً اصحاب یمین میں سے ہے۔''

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

33: اَللّٰهُمَّ بَشِّرْهُ بِقَوْلِكَ: ﴿كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓئًا بِمَآ اَسْلَفْتُمْ فِي الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ﴾

''اے اللہ! اس کو اپنے اس قول کے ذریعے بشارت دیجیے: ''اچھا کھاؤ اور پیو، ان اعمال کے بدلے جو تم نے گزشتہ ایام میں کیے۔''

34: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ مِنَ ﴿الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فَفِي الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَ الْاَرْضُ﴾

''اے اللہ! اس کو ان لوگوں میں شامل کر لیجیے جن کے بارے میں فرمایا: ''جو لوگ نیک بخت بنائے گئے تو وہ جنت میں ہمیشہ رہیں گے جب تک باقی رہیں گے آسمان اور زمین۔''

35: اَللّٰهُمَّ لَا نُزَكِّيْهِ عَلَيْكَ وَلٰكِنَّا نَحْسَبُ اَنَّهٗ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاجْعَلْ لَهُ جَزَاءَ الضِّعْفِ بِمَا عَمِلَ وَاجْعَلْهُ فِي الْغُرُفَاتِ مِنَ الْآمِنِيْنَ.

''اے اللہ! ہم اس کی آپ کے سامنے تعریف نہیں کرتے لیکن ہم اس کے بارے میں یہ گمان رکھتے ہیں کہ یہ ایمان لایا اور اس نے نیک اعمال کیے۔ ان اعمال کا آپ اس کو دوگنا بدلہ دیجیے اور اس کا شمار ان لوگوں میں کیجیے جو بالا خانوں میں امن میں ہوں گے۔''

36: اَللّٰهُمَّ إِنَّهُ خَافَ مَقَامَكَ فَاجْعَلْ لَهُ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَىْ أَفْنَانٍ بِحَقِّ قَوْلِكَ: ﴿وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ جَنَّتَانِ﴾

''اے اللہ! یہ آپ کے سامنے کھڑا ہونے سے ڈرتا تھا، چنانچہ اس کو اپنے فرمان: ﴿وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جَـنّٰتٰـانِ﴾ کے مطابق خوب شاخوں والے دو باغ عطا کیجیے۔''

37: اَللّٰهُمَّ شَفِّعْ فِيهِ نَبِيَّنَا وَمُصْطَفَاكَ وَاحْشُرْ تَحْتَ لِوَائِهِ وَاسْقِهِ مِنْ يَدِهِ الشَّرِيفَةِ شِرْبَةً هَنِيئَةً لَا يَظْمَأُ بَعْدَهَا أَبَدًا.

''اے اللہ! ہمارے نبی اور اپنے مصطفیٰ ﷺ کی سفارش اس کے حق میں قبول کیجیے اور اس کو ان کے جھنڈے تلے جگہ دیجیے اور اس کو ان کے مبارک ہاتھ سے ایسا میٹھا مشروب (جامِ کوثر) پلایئے جس کے بعد یہ کبھی پیاسا نہ ہو۔''

38: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ مَعَ ﴿الْمُتَّقِينَ فِي ظِلَالٍ وَّعُيُونٍ o وَّفَوَاكِهَ مِمَّا يَشْتَهُونَ o كُلُوا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَاشْرَبُوْا هَنِيْئًا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ۝ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ۝

''اے اللہ! اس کو ان لوگوں میں سے بنادیجیے جن کے بارے میں آپ نے فرمایا: متقی لوگ باغات اور چشموں میں ہوں گے اور لذیذ میووں میں جو وہ چاہیں گے۔ (کہا جائے گا کہ) تم مزے سے کھاؤ پیو، ان اعمال کے بدلے جو تم کرتے تھے بلاشبہ ہم اسی طرح جزا دیتے ہیں نیکی کرنے والوں کو۔''

39: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ مَقَامٍ اَمِيْنٍ۝ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ۝ يَّلْبَسُوْنَ مِنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ۝ كَذٰلِكَ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ۝ يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِكُلِّ فَاكِهَةٍ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اٰمِنِيْنَ○﴾

''اے اللہ! اس کو ان لوگوں میں سے بنایئے جن کے بارے میں آپ نے فرمایا: متقی لوگ باغات اور چشموں کے بیچ امن والی جگہ میں ہوں گے اور باریک وموٹا ریشم پہنے ہوئے آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے۔ اسی طرح ہم موٹی آنکھوں والی حوروں کو ان کی بیویاں بنادیں گے، وہ اس (جنت) میں ہر قسم کا پھل اطمینان سے طلب کریں گے۔''

40: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ فِيْ جَنَّةِ الْخُلْدِ: ﴿الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ كَانَتْ لَهُمْ جَزَآءً وَّمَصِيْرًا○ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ خٰلِدِيْنَ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْؤُلًا○﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

''اے اللہ! اس کو ہمیشہ کی جنت عطا کر جس کا متقیوں سے وعدہ کیا گیا وہ ان کے لیے جزا اور واپسی کی جگہ ہے۔ ان کے لیے اس جنت میں وہ سب کچھ ہوگا جو وہ چاہیں گے۔ وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہوں گے۔ یہ آپ کے رب کے ذمے قابل طلب وعدہ ہے۔''

41: اَللّٰهُمَّ أَنْجِزْ لَهُ وَعْدَكَ الَّذِيْ وَعَدْتَ فِيْ قَوْلِكَ: ﴿وَإِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ مَآبٍ o جَنّٰتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُ o مُتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ وَّشَرَابٍ o وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ اَتْرَابٌ o هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ o اِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهٗ مِنْ نَّفَادٍ﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

''اے اللہ! اس بندے سے اپنا وہ وعدہ پورا کر دیجیے جو آپ نے اپنے اس قول میں کیا:'' بے شک متقیوں کے لیے البتہ اچھا ٹھکانا ہے، ہمیشہ کی جنتوں میں جس کے دروازے کھلے ہوں گے۔ ان میں انہوں نے تکیے لگائے ہوں گے۔ وہ ان جنتوں میں بہت سے میوے اور مشروبات منگوائیں گے اور ان کے پاس نیچی نگاہ رکھنے والی بیویاں ہوں گی۔ (کہا جائے گا:) یہ ہے وہ جزا جس کا تم سے وعدہ کیا گیا اس یوم حساب کے لیے، بے شک یہ البتہ ہمارا رزق ہے نہیں ہے کبھی اس کے لیے ختم ہونا۔''

42: اَللّٰهُمَّ بَشِّرْهُ بِقَوْلِكَ: ﴿وَ بَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قَالُوْا هٰذَا الَّذِیْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا وَلَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّهُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

''اے اللہ! اس کو اپنے اس قول کی خوشخبری دیجیے:''اور (اے نبی) خوشخبری دیجیے ایمان والوں اور اعمال صالحہ کرنے والوں کو کہ ان کے لیے ایسے باغات ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں۔ جب بھی وہ ان میں سے کوئی رزق دیے جائیں گے تو کہیں گے کہ یہ تو وہی ہے جو ہم اس سے پہلے دیے جاتے تھے اور وہ اس (دنیا کے رزق) سے ملتا جلتا رزق دیے جائیں گے اور ان کے لیے ان جنتوں میں پاکیزہ بیویاں ہیں اور وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے۔''

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

43: اَللّٰهُمَّ إِنَّهٗ صَبَرَ عَلَى الْبَلَاءِ فَلَمْ يَجْزَعْ فَامْنَحْهُ دَرَجَةَ الصَّابِرِيْنَ الَّذِيْنَ يُوَفَّوْنَ أُجُوْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ فَأَنْتَ الْقَائِلُ: ﴿إِنَّمَا يُوَفَّى الصَّابِرُوْنَ أَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ﴾.

''اے اللہ! اس نے مصیبت پر صبر کیا، آہ و زاری نہیں کی۔ اے اللہ! اس کو صبر کرنے والوں کا وہ درجہ عطا فرما جن کو ان کے اجر بلا حساب دیے جاتے ہیں کیونکہ آپ ہی نے فرمایا ہے: بے شک صبر کرنے والوں کو ان کا اجر بلاحساب دیا جاتا ہے۔''

44: اَللّٰهُمَّ إِنَّهٗ كَانَ مُصَلِّيًا لَكَ فَثَبِّتْهُ عَلَى الصِّرَاطِ يَوْمَ تَزِلُّ الْأَقْدَامُ.

''اے اللہ! یہ آپ کے لیے نماز پڑھتا تھا، لہٰذا اس کو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

صراط مستقیم پر ثابت قدم رکھیے، اس دن جب قدم لڑکھڑا جائیں گے۔''

45: اَللّٰهُمَّ إِنَّهُ كَانَ لَكَ صَائِمًا فَأَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ مِنْ بَابِ الرَّيَّانِ.

''اے اللہ! یہ آپ کے لیے روزہ رکھتا تھا، چنانچہ اس کو باب ریان میں سے جنت میں داخل فرمادیں۔''

46: اَللّٰهُمَّ إِنَّهُ كَانَ لِكِتَابِكَ تَالِيًا فَشَفِّعْ فِيهِ الْقُرْآنَ وَارْحَمْهُ مِنَ النِّيْرَانِ وَاجْعَلْهُ يَا رَحْمٰنُ يَتَرَقّٰى فِي الْجَنَّةِ إِلٰى آخِرِ آيَةٍ قَرَأَهَا وَآخِرِ حَرْفٍ تَلَاهُ.

''اے اللہ! یہ آپ کی کتاب کی تلاوت کرنے والا تھا۔ اے اللہ! قرآن کو اس کے حق میں سفارشی بنا دیجیے اور

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اے مہربان رب! اس کو جنت میں ایسا بنائیے کہ یہ آخری آیت پڑھنے اور آخری حرف کی تلاوت کرنے تک سیڑھیاں چڑھتا رہے۔"

47: اَللّٰهُمَّ ارْزُقْهُ بِكُلِّ حَرْفٍ مِنَ الْقُرْآنِ حَلَاوَةً وَبِكُلِّ كَلِمَةٍ كَرَامَةً وَبِكُلِّ آيَةٍ سَعَادَةً وَبِكُلِّ سُورَةٍ سَلَامَةً وَبِكُلِّ جُزْءٍ جَزَاءً.

"اے اللہ! اس کو قرآن کے ہر حرف کے بدلے حلاوت، ہر کلمے کے بدلے عزت، ہر آیت کے بدلے سعادت، ہر سورت کے بدلے سلامتی اور ہر جزء کے بدلے بہترین جزاء عطا کیجیے۔"

48: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِيرِنَا وَكَبِيرِنَا وَذَكَرِنَا وَأُنْثَانَا.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

''اے اللہ! ہمارے زندوں کو معاف فرما دیجیے اور ہمارے مردوں کو اور ہمارے حاضرین اور ہمارے غائب کو اور ہمارے چھوٹوں کو اور ہمارے بڑوں کو اور ہمارے مردوں کو اور عورتوں کو۔''

49: اَللّٰهُمَّ مَنْ أَحْيَيْتَهُ مِنَّا فَأَحْيِهِ عَلَى الْإِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّيْتَهُ مِنَّا فَتَوَفَّهُ عَلَى الْإِيْمَانِ.

''اے اللہ! جس کو آپ ہم میں سے زندہ رکھیں، اسے اسلام پر زندہ رکھیں اور جسے فوت کیجیے اسے ایمان پر فوت کیجیے۔''

50: اَللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا أَجْرَهُ وَلَا تَفْتِنَّا بَعْدَهُ وَاغْفِرْ لَنَا وَلَهُ وَلِسَائِرِ الْمُسْلِمِيْنَ. رَبِّ اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِي صَغِيْرًا.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

''اے اللہ! اس کے اجر سے ہمیں محروم نہ کیجیے اور اس کے بعد ہمیں کسی آزمائش میں مبتلا نہ کیجیے۔ اے اللہ! ہمیں اور اسے اور تمام مومنوں کو معاف فرما دیجیے۔ اے میرے رب! مجھے اور میرے والدین کو معاف فرما دیجیے اور ان پر رحم فرمایئے، جس طرح انہوں نے مجھے بچپن میں پالا پوسا۔''

51: اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنَا إِذَا أَتَانَا الْيَقِيْنُ وَعَرِقَ مِنَّا الْجَبِيْنُ وَكَثُرَ الْأَنِيْنُ وَالْحَنِيْنُ.

''اے اللہ! موت کے وقت جب ہماری پیشانی پسینہ آلود ہوجائے اور جب گریہ وزاری بہت زیادہ ہوجائے تو اس موقع پر ہم پہ رحم فرمایئے۔''

52: اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنَا إِذَا يَئِسَ مِنَّا الطَّبِيْبُ، وَبَكٰى

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عَلَيْنَا الْحَبِيْبُ وَتَخَلّٰى عَنَّا الْقَرِيْبُ وَالْغَرِيْبُ وَارْتَفَعَ النَّشِيْجُ وَالنَّحِيْبُ.

''اے اللہ! جب طبیب ہم سے ناامید ہوجائے۔ دوست ہمارے بارے میں روئیں اور ہمارے قریبی رشتہ دار ہم سے دور ہوجائیں اور آہ و بکا بہت زیادہ ہوجائے تو اس وقت ہم پہ رحم کیجیے۔''

53: اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنَا إِذَا اشْتَدَّتِ السَّكَرَاتُ وَتَوَالَتِ الْحَسَرَاتُ وَأَطْبَقَتِ الرَّوْعَاتُ وَفَاضَتِ الْعَبَرَاتُ وَتَكَشَّفَتِ الْعَوْرَاتُ وَتَعَطَّلَتِ الْقُوٰى وَالْقُدُرَاتُ.

''اے اللہ! موت کی سختیوں، پریشانیوں اور غموں کے آنے، آنسوؤں کے بہنے، عیوب سے پردہ اٹھنے اور

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حواس کے بے حس و حرکت ہو جانے والے وقت میں ہم پر رحم فرمائیے۔''

54: اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنَا إِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ وَقِيلَ مَنْ رَاقٍ وَتَأَكَّدَتْ فَجِيعَةُ الْفِرَاقِ لِلْأَهْلِ وَالرِّفَاقِ وَقَدْ تَمَّ الْقَضَاءُ فَلَيْسَ مِنْ وَاقٍ.

''اے اللہ! ہم پر رحم فرمائیے، اس وقت جب روح ہنسلی تک پہنچ جائے اور کہا جائے کون ہے جھاڑ پھونک کرنے والا، اور رشتہ داروں اور دوستوں پر جدائی کا غم چھا جائے اور موت کا وقت آ جائے (کیونکہ اس وقت آپ کے علاوہ) بچانے والا کوئی بھی نہ ہوگا۔''

55: اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنَا إِذَا حُمِلْنَا عَلَى الْأَعْنَاقِ إِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذٍ الْمَسَاقُ وَدَاعًا أَبَدِيًّا لِلدُّوْرِ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَالْأَسْوَاقِ وَالْأَقْلَامِ وَالْأَوْرَاقِ إِلَى مَنْ تَذِلُّ لَهُ الْجِبَاهُ وَالْأَعْنَاقُ.

''اے اللہ! ہم پر اس وقت رحم کیجیے گا جب ہمیں گردنوں پر اٹھا کر آپ کی طرف لے جایا جائے گا اور ان گھروں، بازاروں اور علاقوں کو ہمیشہ کے لیے الوداع کہہ کر اس ذات کی طرف آنا ہوگا جس کے لیے پیشانیاں اور گردنیں جھک جاتی ہیں۔''

56: اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنَا إِذَا وُوْرِيْنَا التُّرَابَ وَغُلِّقَتِ مِنَ الْقُبُوْرِ الْأَبْوَابَ وَانْفَضَّ الْأَهْلُ وَالْأَحْبَابُ فَإِذَا الْوَحْشَةُ وَالْوَحْدَةُ وَهَوْلُ الْحِسَابِ.

''اے اللہ! ہم پر رحم فرمایئے جب کہ ہمارے اوپر مٹی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ڈال دی جائے گی اور قبر کے دروازے بند کر دیے جائیں گے اور ہمارے دوست احباب ہمیں چھوڑ کر چلے جائیں گے، پھر وحشت، تنہائی اور حساب کی ہولناکی ہی ہوگی۔“

57: اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنَا إِذَا فَارَقْنَا النَّعِيْمَ وَانْقَطَعَ النَّسِيْمُ وَقِيْلَ: مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ.

”اے اللہ! ہم پر اس وقت رحم کیجیے جب ہم دنیا کی نعمتوں کو چھوڑ جائیں گے، خوشگوار ہوائیں ختم ہو جائیں گی اور کہا جائے گا کہ تمھیں اپنے کریم رب کے بارے میں کس چیز نے دھوکے میں ڈالا ہے۔“

58: اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنَا إِذَا أُقِمْنَا لِلسُّؤَالِ وَخَانَنَا الْمَقَالُ وَلَمْ يَنْفَعْ جَاهٌ وَلَا مَالٌ وَلَا عَيَالٌ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَقَدْ حَالَ الْحَالُ فَلَيْسَ إِلَّا فَضْلُ الْكَبِيرِ الْمُتَعَالِ.

''اے اللہ! ہم پر رحم فرمایئے جب ہمیں سوال و جواب کے لیے اٹھایا جائے گا اور ہم کوئی عذر بھی پیش نہیں کرسکیں گے اور اس موقع پر اہل و عیال، مال اور عزت ہمارے کسی کام نہ آئے گی اور (عمل کرنے کا) موقع ختم ہو چکا ہوگا، چنانچہ صرف (آپ) بزرگ و بالا رب کا ہی فضل ہوگا۔''

59: اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنَا إِذَا نُسِيَ إِسْمُنَا وَدَرَسَ رَسْمُنَا وَأَحَاطَ بِنَا قَسْمُنَا وَوَسْعُنَا.

''اے اللہ! ہم پہ رحم فرمایئے گا جب ہمارے نام بھی بھلائے جا چکے ہوں گے اور ہمارا نام و نشان مٹ چکا ہوگا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور ہم اپنے اصل ٹھکانے تک پہنچ گئے ہوں گے۔''

60: اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنَا إِذَا أُهْمِلْنَا فَلَمْ يَزُرْنَا زَائِرٌ وَلَمْ يَذْكُرْنَا ذَاكِرٌ وَمَالَنَا مِنْ قُوَّةٍ وَلَا نَاصِرٍ فَلَا أَمَلٌ إِلَّا فِي الْقَاهِرِ الْقَادِرِ الْغَافِرِ السَّاتِرِ يَا مَنْ إِذَا وَعَدَ وَفَى وَإِذَا تَوَعَّدَ عَفَا إِرْحَمْ مَنْ هَفَا وَجَفَا وَغَفَا وَشَفِّعْ فِينَا الْحَبِيبَ الْمُصْطَفَى وَاجْعَلْنَا مِمَّنْ صَفَا وَوَفَا وَبِاللّٰهِ اكْتَفَى يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ يَا بَدِيعَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ.

''اے اللہ! ہم پہ اس وقت رحم فرمائیے گا جبکہ ہم

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بھلا دیے جائیں گے، نہ تو کوئی زائر ہماری زیارت کو آئے گا اور نہ کوئی یاد کرنے والا ہمیں یاد کرے اور نہ ہمارے پاس کوئی قوت ہوگی اور نہ ہمارا کوئی مددگار ہوگا۔ چنانچہ اے قادر، قاہر، غافر، پردے رکھنے والے رب، آپ کے علاوہ کوئی جائے پناہ نہیں۔ اے وہ رب جو وعدہ کرتے ہیں تو پورا کرتے ہیں اے اللہ جو پھسل جائے، ظلم و زیادتی کرے یا بھول چوک جائے اس پر رحم فرمایئے۔ اے اللہ پیارے حبیب مصطفیٰ ﷺ کو ہمارے حق میں سفارش کو قبول فرمایئے۔ اللہ ہمیں ان لوگوں میں سے بنا، جنہوں نے اپنی اصلاح کی اور وعدہ پورا کیا اور جنہوں نے اللہ ہی پر بھروسا کیا۔ اے ارحم

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الراحمین اے حی و قیوم! اے زمین و آسمان کو بلا نمونہ پیدا کرنے والے۔ اے جلال و عزت والے رب''

(بچوں کے لیے)

61: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ فَرَطًا وَّذُخْرًا لِوَالِدَيْهِ وَشَفِيْعًا مُجَابًا. اَللّٰهُمَّ: ثَقِّلْ بِهٖ مَوَازِيْنَهُمَا وَأَعْظِمْ بِهٖ أُجُوْرَهُمَا وَأَلْحِقْهُ بِصَالِحِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاجْعَلْهُ فِيْ كَفَالَةِ إِبْرَاهِيْمَ وَقِهٖ بِرَحْمَتِكَ مِنْ عَذَابِ الْجَحِيْمِ.

''اے اللہ! اسے اپنے والدین کے لیے ذریعہ اجر و ثواب اور ذخیرہ بنا اور ایسا سفارشی بنا جس کی سفارش قبول کی جائے اے اللہ! اس کی وجہ سے اس کے والدین کے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

میزان بھاری فرمائیے اور اس کے ذریعے سے اس کے والدین کے اجر میں اضافہ فرمائیے اور اسے نیک لوگوں سے ملا دیجیے اور اس کو ابراہیم علیہ السلام کی کفالت میں دیجیے اور اپنی رحمت سے اس کو جہنم کے عذاب سے بچائیے۔''

☆......☆......☆

احباب سے التماس ہے کہ اپنی پیاروں کے لیے جب دعا کریں تو مجھ ناچیز میری والدہ محترمہ واہل وعیال کے لیے عافیت وایمان کی سلامتی اور والد گرامی عبدالوحید سلیمانی مرحوم کے لیے مغفرت کی دعا بھی کیجیے۔

(عمار وحید سلیمانی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

میت کی آنکھیں بند کرتے وقت دعا

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِفُلَانٍ وَّارْفَعْ دَرَجَتَهٗ فِي الْمَهْدِيِّيْنَ

یا اللہ! فلاں (میت کا نام لے) شخص کی مغفرت فرما اور ہدایت یافتہ لوگوں میں اس کا درجہ

وَاخْلُفْهُ فِيْ عَقِبِهٖ فِي الْغَابِرِيْنَ وَاغْفِرْ لَنَا وَلَهٗ

بلند فرما دے اور اس کے بعد پسماندگان میں تو اس کا جانشین بن جا۔ اے دونوں جہانوں

يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ وَافْسَحْ لَهٗ فِيْ قَبْرِهٖ وَ

کے پروردگار! ہمیں اور اس کو بخش دے اور اس کی قبر کو اس کے لئے

نَوِّرْ لَهٗ فِيْهِ مسلم: ۶۳۴/۲

کشادہ اور منور فرما دے۔

میت کی نماز جنازہ کی دعا

[1] اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهٗ وَارْحَمْهُ وَعَافِهٖ وَاعْفُ

یا اللہ! اسے بخش دے، اس پر رحم فرما، اس سے درگزر کر، اسے معاف فرما،

عَنْهُ وَاَكْرِمْ نُزُلَهٗ وَوَسِّعْ مُدْخَلَهٗ وَاغْسِلْهُ

اس کی میزبانی عزت سے فرما، اس کی قبر کشادہ کر دے، اسے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّهِ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا

پانی 'برف اور اولوں سے غسل دے اور اسے گناہوں سے اس طرح صاف کر دے جیسے

نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ وَأَبْدِلْهُ دَارًا

تو سفید کپڑا میل کچیل سے صاف کرتا ہے' اسے اس کے گھر سے

خَيْرًا مِّنْ دَارِهِ وَ أَهْلًا خَيْرًا مِّنْ أَهْلِهِ وَزَوْجًا

بہتر گھر' گھر والوں سے بہتر گھر والے اور بیوی سے

خَيْرًا مِّنْ زَوْجِهِ وَأَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَأَعِذْهُ مِنْ

بہتر بیوی عطا فرما' اسے جنت میں داخل کر دے اور

عَذَابِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ مسلم، ٢/٦٦٣

عذاب قبر سے اور عذاب جہنم سے محفوظ رکھ۔

۱۲ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا

یا اللہ! ہمارے زندہ اور مردہ' موجود اور غیر موجود'

وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا وَ ذَكَرِنَا وَ أُنْثَانَا' اَللّٰهُمَّ

چھوٹے اور بڑے' مرد اور عورت (تمام) کو بخش دے' یا اللہ!

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

مَنْ اَحْيَيْتَهٗ مِنَّا فَاَحْيِهٖ عَلَى الْاِسْلَامِ وَمَنْ

تو ہم میں سے جسے زندہ رکھے اسے اسلام پر زندہ رکھنا اور جسے

تَوَفَّيْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَى الْاِيْمَانِ، اَللّٰهُمَّ

مارے اسے حالت ایمان پر مارنا۔ اے اللہ! ہمیں اس کے اجر سے

لَا تَحْرِمْنَا اَجْرَهٗ وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَهٗ ابن ماجہ: ۱/۲۵۱

محروم نہ فرمانا اور اس کے بعد ہم کو گمراہ نہ کر دینا۔ ابوداؤد: ۳/۲۱۱

۳ اَللّٰهُمَّ اِنَّ فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ فِيْ ذِمَّتِكَ وَ

یااللہ! فلاں، فلاں کا بیٹا تیری حفاظت اور

حَبْلِ جَوَارِكَ فَقِهٖ مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ

پناہ میں ہے، اسے قبر کے فتنے اور آگ کے عذاب سے محفوظ

النَّارِ وَاَنْتَ اَهْلُ الْوَفَاءِ وَالْحَقِّ، فَاغْفِرْ لَهٗ

رکھنا، تو صاحب وفا اور حق والا ہے لہٰذا اسے مغفرت عطا فرما،

وَارْحَمْهُ، اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ابن ماجہ: ۱/۲۵۱

اس پر رحم فرما بلاشبہ تو بہت مغفرت عطا کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۳ اَللّٰهُمَّ عَبْدُكَ وَابْنُ اَمَتِكَ اِحْتَاجَ اِلٰى رَحْمَتِكَ

یا اللہ! تیرا بندہ، تیری بندی کا بیٹا، تیری رحمت کا محتاج ہو گیا ہے

وَاَنْتَ غَنِيٌّ عَنْ عَذَابِهٖ، اِنْ كَانَ مُحْسِنًا فَزِدْ فِيْ

تو اس کو عذاب دینے سے مستغنی ہے (تیرے لئے اس کو عذاب دینا ضروری نہیں) اگر یہ نیک

حَسَنَاتِهٖ وَاِنْ كَانَ مُسِيْـئًا فَتَجَاوَزْ عَنْهُ

تھا تو اس کی نیکیوں میں اضافہ فرما اور اگر یہ بد تھا تو اس سے درگزر فرما دے۔

نابالغ بچے کی نماز جنازہ میں دعا

حضرت سعید بن مسیبؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو ہریرہؓ کے پیچھے بالکل ایک معصوم سے بچے کی نماز جنازہ ادا کی میں نے انہیں درج ذیل سے الفاظ سے دعا کرتے ہوئے سنا:

۱ اَللّٰهُمَّ اَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

یا اللہ! اسے قبر کے عذاب سے محفوظ رکھنا۔

۲ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ فَرَطًا وَّ ذُخْرًا لِّوَالِدَيْهِ

یا اللہ! تو اسے اس کے والدین کے لئے پیش خیمہ (پہلے جا کر میزبانی کا بندوبست کرنے والا)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَ شَفِيْعًا مُّجَابًا اَللّٰهُمَّ ثَقِّلْ بِهٖ مَوَازِيْنَهُمَا

اور زاد راہ بنا دے اور سفارش قبول کیا جانے والا سفارشی بنا دے۔ یا اللہ! اس کی وجہ سے اس کے

وَ اَعْظِمْ بِهٖ اُجُوْرَهُمَا وَاَلْحِقْهُ بِصَالِحِ

والدین کے میزان بھاری کر دے اور ان کے ثواب میں اضافہ کر دے۔ اسے صالح

الْمُؤْمِنِيْنَ وَاجْعَلْهُ فِيْ كَفَالَةِ اِبْرٰهِيْمَ وَقِهٖ

مومنوں میں شامل کر دے۔ اسے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی

بِرَحْمَتِكَ عَذَابَ الْجَحِيْمِ وَاَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا

کفالت میں دے دے۔ اسے اپنی خاص رحمت سے جہنم کے عذاب سے بچا لے۔ اسے

مِّنْ دَارِهٖ وَ اَهْلًا خَيْرًا مِّنْ اَهْلِهٖ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ

اس کے گھر سے بہتر گھر اور گھر والوں سے بہتر گھر والے عطا فرما۔ اے اللہ! ہمارے اسلاف،

لِاَسْلَافِنَا وَاَفْرَاطِنَا وَمَنْ سَبَقَنَا بِالْاِيْمَانِ

ہمارے معصوم بچے اور جو ہم سے پہلے حالت ایمان میں فوت ہو گئے ہیں انہیں بخش دے۔

حضرت حسنؓ بچے کے جنازے پر سورۂ فاتحہ بھی پڑھا کرتے تھے اور اسکے بعد درج ذیل دعا پڑھتے تھے:

(۲) اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا وَّسَلَفًا وَّ اَجْرًا

یا اللہ! تو اس کو ہمارے لئے پیش خیمہ، عمل صالح اور اجر بنا دے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تعزیت کی دعا

۱ إِنَّ لِلّٰهِ مَا أَخَذَ وَلَهُ مَا أَعْطٰى وَكُلُّ شَيْءٍ

اللہ ہی کا تھا جو اس نے لے لیا ہے اور جو اس نے دیا ہے وہ بھی اسی کا ہے

عِنْدَهُ بِأَجَلٍ مُّسَمًّى فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ

ہر چیز کا اس کے پاس وقت مقرر ہے لہٰذا آپ صبر کریں اور ثواب کی امید رکھیں

اگر درج ذیل الفاظ کہے تو بھی بہتر ہے:

أَعْظَمَ اللّٰهُ أَجْرَكَ وَأَحْسَنَ عَزَاءَكَ وَغَفَرَ

اللہ تعالیٰ آپ کو اجر عظیم سے نوازے بہترین حوصلہ عطا کرے اور آپ کی

لِمَيِّتِكَ

میت کو بخش دے۔

میت کو قبر میں اتارتے وقت کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى سُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ

اللہ تعالیٰ کے نام سے اور رسول اللہ ﷺ کی سنت کے مطابق (میت کو قبر میں داخل کرتا ہوں)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

نماز جنازہ کا مسنون طریقہ

نماز جنازہ عموماً چار تکبیروں کے ساتھ ادا کی جاتی ہے۔ پہلی تکبیر کے بعد ثنا پڑھیں۔ پھر سورۃ فاتحہ کیونکہ سورۃ فاتحہ کے بغیر کوئی نماز نہیں۔ دوسری تکبیر کے بعد درود ابراہیمی پڑھیں۔ تیسری تکبیر کے بعد میت کے لیے خلوص دل سے دعائے مغفرت کریں۔ چوتھی تکبیر کے بعد سلام پھیر دیں۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس مسلمان کے جنازے میں ایسے چالیس آدمی شریک ہوں جو اللہ کے ساتھ شرک نہ کرتے ہوں تو اللہ تعالی اس (میت کے) کے حق میں ان کی سفارش قبول کرتا ہے۔

اس کتاب کو پلے سٹور سے ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے کوڈ کو سکین کریں
Play Store: میت کے لیے دعائیں